https://www.jmi.ac.in

# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

## شعبہ تعلیمی مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'پیغمبر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم): ایک تعلیمی مشن' کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد

New Delhi, September 1, 2026

شعبہ تعلیمی مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ اٹھائیس اگست دو ہزار چھبیس بروز جمعہ سہ پہر تین بجے، شعبہ ٹی اینڈ این ایف ای کے ڈاکٹر سلامت اللہ بلاک میں واقع 'نیو ہال' میں پیغمبر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم): ایک تعلیمی مشن' کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ سیمینار کا مقصد ایک ایسا علمی پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں پیغمبرِ اسلام (صلعم) کے تعلیمی مشن، تدریسی انداز اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات و اسوۂ حسنہ کی دائمی افادیت و اہمیت پر غور و فکر کیا جا سکے۔ پروگرام میں ممتاز ماہرینِ تعلیم، اساتذہ، ریسرچ اسکالرس اور طلبہ نے شرکت کی جس سے بامقصد علمی و روحانی مکالمے اور غور و فکر کا سلسلہ قائم ہوا۔

پروگرام کا آغاز کنوینز اور نظامت کے فرائض دے رہے ڈاکٹر محمد جاوید حسین اسسٹنٹ پروفیسر کے تعارفی کلمات سے ہوا۔ انھوں نے سیمینار کے اغراض و مقاصد پر مختصراً روشنی ڈالی۔ اس کے بعد انھوں نے ریسرچ اسکالر انضام الحق کو تلاوتِ کلامِ پاک کے لیے دعوت دے کر باقاعدہ کاروائی کا آغاز کیا۔ اس کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ ٹی اینڈ این ایف ای کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر طارق انور نے نعتِ رسولِ صلی اللہ علیہ وسلم پیش کی، جس نے تقریب کے روحانی ماحول کو مزید پرکیف اور بابرکت بنا دیا۔

معزز مہمانوں کا باضابطہ تعارف کرایا گیا اور پودے اور شالیں پیش کر کے ان کا خیر مقدم اور تہنیت کی گئی۔ شعبہ تعلیمی مطالعات کے سابق سربراہ پروفیسر ارشد اکرام احمد نے پروفیسر اختر الواسع کا تعارف پیش کیا، اور اسی شعبے کے موجودہ سربراہ پروفیسر اعجاز مسیح نے ان کا خیر مقدم کیا۔ شعبہ تعلیمی مطالعات کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر علی حیدر نے پروفیسر جنید حارث کا تعارف کرایا، جن کا خیر مقدم شعبہ تعلیمی مطالعات کے سابق سربراہ پروفیسر کوشل کشور نے کیا۔

پہلا علمی خطاب جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ اسلامی مطالعات کے پروفیسر جنید حارث نے 'بطور معلم: پیغمبرِ اسلام (صلعم)' کے موضوع پر دیا۔ اس اجلاس کا محور پیغمبرِ اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت کو ایک معلم کے نقطۂ نظر سے سمجھنا اور آپ صلعم کے مشن کی تعلیمی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ یہ موضوع شعبہ تعلیمی مطالعات کے لیے خاص طور پر موزوں اور اہم تھا، کیونکہ اس نے تعلیم

پر محض معلومات کی منتقلی کے بجائے ایک ایسے عمل کے طور پر غور وفکر کرنے کا موقع فراہم کیا جس کا تعلق افراد کی تعمیر، ان کے کردار، اقدار، طرزِ عمل اور معاشرے کے ساتھ ان کے تعلقات سے ہے۔ اس خطاب نے پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور مشن کے تعلیمی پہلوؤں پر مزید گفتگو کے لیے ایک فکر انگیز بنیاد فراہم کی۔

علمی اجلاسوں میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبۂ تعلیمی مطالعات کے ریسرچ اسکالر محمد طارق کی جانب سے نعتِ رسولِ مقبولؐ پیش کی گئی۔ نعت خوانی نے سمینار میں ایک فکر انگیز اور روحانی پہلو کا اضافہ کیا اور اسے اگلے علمی خطاب کی جانب ایک بامعنی ربط فراہم کیا۔

دوسرا اہم خطبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبۂ اسلامیات کے پروفیسر پدم شری جناب اختر الواسع نے دیا۔ اس موضوع پر ان کے عالمانہ خیالات و مشاہدات نے سمینار کو مزید ثروت مند بنایا۔ ایسے ممتاز عالم کی موجودگی اور شرکت نے شرکا کو اس موضوع پر وسیع تر فکری اور تعلیمی تناظر میں غور وفکر کرنے کا موقع فراہم کیا۔ ان کے خطاب نے سمینار کے بنیادی مقصد یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے منسوب تعلیمی مشن کو سمجھنے اور عصری تعلیمی فکر و عمل میں اس کی مسلسل افادیت پر غور کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

اس پروگرام کو بعد ازاں شعبۂ تعلیمی مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سربراہ پروفیسر اعجاز مسیح کے اختتامی کلمات سے مزید تقویت ملی۔ اپنے خطاب میں انھوں نے سیمینار سے برآمد اہم نکات کا احاطہ کیا اور تعلیمی اقدار، اخلاقی نشو ونما اور افراد و معاشرے کی تشکیل میں اساتذہ کے کردار کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کی اختتامی تقریر نے مباحث کو ایک مناسب علمی تکمیل فراہم کی اور اساتذہ کی تربیت کے حوالے سے اس موضوع کی افادیت کو اجاگر کیا۔

سمینار کا اختتام شعبۂ تعلیمی مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر آفاق ندیم خان باضابطہ اظہارِ تشکر پر ہوا۔ انھوں نے ممتاز مقررین، پروفیسر جنید حارث اور پدم شری پروفیسر اختر الواسع کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے اپنے قیمتی علمی خیالات سے شرکا کو مستفید کیا۔ انھوں نے شعبۂ تعلیمی مطالعات کے سربراہ پروفیسر اعجاز مسیح کا ان کی قیادت اور رہنمائی کے لیے، نیز پروفیسر ارشد اکرام احمد، پروفیسر کوشل کشور، ڈاکٹر محمد موسیٰ علی، ڈاکٹر علی حیدر، ڈاکٹر سجاد احمد، ڈاکٹر طارق انور اور دیگر تمام اساتذہ، ریسرچ اسکالر اور طلبہ کا بھی شکریہ ادا کیا جنھوں نے اس پروگرام کے کامیاب انعقاد میں اپنا گراں قدر تعاون پیش کیا۔

مجموعی طور پر ''پیغمبرِ اسلام (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم): ایک تعلیمی مشن' کے عنوان سے منعقدہ سمینار نے آپؐ کے مشن کے تعلیمی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے لیے ایک بامقصد علمی اور فکری پلیٹ فارم فراہم کیا۔ شعبۂ علومِ اسلامیہ اور شعبۂ تعلیم کے ممتاز ماہرین کی شرکت نے ایک ایسا بین علومی علمی ماحول تشکیل دیا جس میں تعلیم، اقدار، کردار سازی اور انسانی نشو ونما کا بیک وقت جائزہ لیا جانا ممکن ہوسکا۔ یہ پروگرام خاص طور پر شعبۂ تعلیم کے طلبہ اور محققین کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل تھا، کیونکہ اس نے انہیں اس بات پر غور وفکر کرنے کی ترغیب دی کہ استاد کا کردار محض علم کی منتقلی تک محدود نہیں، بلکہ وہ اخلاقی اور ذہنی نشو ونما میں ایک سرپرست، رہنما

اور سہولت کار کی حیثیت رکھتا ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**
افسر اعلیٰ تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ